DAILY
DAR-UL-KHABAR
VEHARI

روزنامہ

دارالخبر

وہاڑی

ایڈیٹر
محمد حمزہ کلال

جلد 13 | منگل 04 اکتوبر 2022، 07 ربیع الاول 1444ھ (صفحات 4 قیمت 10 روپے) | شمارہ 229

محمود جاوید بھٹی کی ڈی سی کمپلیکس وہاڑی میں کھلی کچہری

کھلی کچہری لگا کر وفاقی اداروں کے متعلق شکایات کی سماعت کی اور ان کے حل کیلئے احکامات جاری کئے

کھلی کچہری میں 25 درخواستوں کی سماعت کی گئی جس میں سے 21 درخواستوں پر عملدرآمد کیلئے متعلقہ محکموں کو بھیجی گئیں اور 4 درخواستیں زیر التوا ہوئیں

وہاڑی (سٹاف رپورٹر) ایڈوائزر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی نے ڈی سی کمپلیکس وہاڑی میں کھلی کچہری لگا کر وفاقی اداروں کے متعلق شکایات کی سماعت کی اور ان کے حل کیلئے احکامات جاری کئے۔ کھلی کچہری میں 25 درخواستوں کی سماعت کی گئی جس میں سے 21 درخواستوں پر عملدرآمد کیلئے متعلقہ محکموں کو بھیجی گئیں اور 4 درخواستیں زیر التوا ہوئیں۔ کھلی کچہری میں 19 واپڈا، ایک یوٹیلٹی سٹور اور ایک بہبود فنڈ کے حوالے سے شکایات کو سن کر حل کیلئے احکامات جاری کئے گئے۔ ایڈوائزر وفاقی محتسب محمود جاوید بھٹی نے اس موقع پر کہا کہ ادارہ وفاقی محتسب کے ویژن اور پروگرام کے مطابق عوام کے مسائل کو ترجیح بنیادوں پر حل کرنے کا سلسلہ جاری ہے ہر ماہ باقاعدگی سے کھلی کچہری کا انعقاد کر کے بلا معاوضہ اور سائل کی دہلیز پر مسائل کو حل کیا جا رہا ہے تمام وفاقی محکمے بروقت عوامی مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائیں عوام کو اپنے مسائل کے حل بارے کوئی پریشانی نہیں ہونی چاہیے عوام کے مسائل کو حل کرنے کیلئے وفاقی محتسب ادارہ ہمہ وقت کوشاں ہے۔

وہاڑی۔ ایڈوائزر وفاقی محتسب ملتان ریجن محمود جاوید بھٹی ڈی سی کمپلکس وہاڑی میں کھلی کچہری لگا کر لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں